## سوال

ماکول اللحم جانور کا گوبر پاک ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جوروٹی لید یا گوبر کے ذریعہ پکائی گئی ہواس کا کھانا جائز ہے یا نہیں۔ اس طرح جو پانی لید یا گوبر کے کنڈوں سے گرم کیا گیا ہواس سے وضوء جائز ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جوروٹی لید، گوبر کے ذریعہ پکائی جائے اس کا کھانا جائز ہے۔ کیونکہ ماکول اللحم جانور کا گوبر بروئے حدیث پاک ہے۔ اوراکثر لوگ بھینس گائے، اونٹ وغیرہ کا گوبر استعمال کرتے ہیں۔ اور یہ ماکول اللحم جانور ہیں۔ امام محمد کا بھی یہی فتویٰ ہے یہی حال اس پانی کا ہے جو لید یا گوبر کے کنڈوں سے گرم کیا گیا ہے اس پانی سے وضو جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اہلحدیث**

**وضو کا بیان، ج1ص279**